## سوال

عیدگاہ سے واپس آکر دو نفل ادا کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عید کے روز عیدگاہ سے واپس آکر دو نفل ادا کرنے کی حیثیت کیا جائز ہے یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے :

«عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی ا عنهما أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ خَرَجَ يَوْمَ الْفِطْرِ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ لَمْ يُصَلِّ قَبْلَهَا وَلاَ بَعْدَهَا» (بخاری - کتاب العیدین - باب الصلاة قبل العید وبعدہا)

''ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بے شک نبی ﷺ نے عیدالفطر کی نماز دو رکعتیں پڑھی نہ پہلے نفل پڑھے نہ بعد میں'' عیدگاہ سے واپس آکر عید کے روز رسول اللہ ﷺ کا دو رکعت نفل پڑھنا مجھے معلوم نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص252